سب کچھ دکھلائی دینے لگے وہ لڑکی اجازت پاکر حضرت رسول مقبول
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت مین (قربان جاؤن اُن کے نام پیا
آنکھون سے چل کر حاضر ہوئی اور بڑے ادب اور تعظیم سے حضرت کے
پاؤں کی خاک پاک کو اُٹھا لائی اور اپنے باپ کی آنکھون مین لگائی اُس
خاکِ پاک کے لگتے ہی اُس کے دیدے کھل گئے ایسا دکھائی دینے لگا
کہ اندھیری رات مین دھاگا ڈال دیتا تھا جب یہ روشنی اُس کی آنکھون
مین آگئی تو اُس نے اپنی لڑکی سے پوچھا کہ سچ بتا تو یہ دوا ایسی اچھی کہان
سے لائی کہ آنکھون مین لگاتے ہی میری آنکھین کھل گئین لڑکی نے
ہاتھ باندھ کر عرض کیا کہ مین کہہ نہین سکتی کہ جہان سے دوائی لائی ہون اگر
جان کی امان پاؤن تو عرض کرون یہودی نے کہا بیٹی کچھ ڈر نہین سچ کہہ
جہان سے دوائی لائی ہے لڑکی نے عرض کیا اے بابا جان یہ خاک پاک اُن
قدمون کی ہے جن کو عرش اعظم نے اپنی آنکھون سے لگایا ہے جن کو
اگر نہ پیدا کرتا اللہ تعالی اُن کو نہ پیدا کرتا زمین و آسمان اور ہم تم سب کو
وہ ذات پاک رحمۃ للعالمین شفیع ہر دو سرا ہے اُن کے پاؤن کی خاک ہر
درد کی دوا ہے اُن کا نام پاک محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے

اے یہودیو درود کو ورد زبان کرو	قربان نام پاک محمد پہ جان کرو

یا رب ... پہ جس ... کی سلام ہو	یمین صدقے اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہو

... ہو ... یہودی کے آگ لگ گئی جل بھن کر کوئلہ ہو گیا جھنجھلا کر ... کو جان سے پیارا ہوا انتا تھا ہر طرح تیرا کہنا مانتا تھا تو نے ... جو باپ دادا نے دین کی ناک کاٹی اس سے تو میں اندھا ہی ... چھری نکالی اور اپنے دیدون ... تب ... کو ... اللہ تعالیٰ نے ان آنکھوں کو اور بھی نور علی نور کیا پھر تو یہودی ... ہوا جھنجھلایا غصے میں آیا چھری کو ... آنکھ ... نکالا تو اس سے زیادہ نور آنکھوں ... نئے ... ان کو نورانی کر دکھایا اسی طرح سات بار ... یہودی نے اپنی آنکھوں میں چھریاں ماریں جیسے

	چھری نکالتا تھا دونا نور آنکھوں میں پاتا تھا اشعار

... تا تھا جون جون چھری پہ چھری	بڑھاتا تھا دون دون خدا نور بھی
... آئی اے کافر نابکار	نکالے جو تو آنکھیں ہفت دبار
... دے گا نور ان کا کبھی	لگی ان میں ہے خاک ... نبی

یہودی نے جب یہ آواز غیب کی سنی اس کے دل کی آنکھیں کھل

...	گئیں کفر کی سیاہی دھل گئی تب یہودی نے

... جان	مجھے ... میری جان

دل وجان کو اُن پہ مین صدقہ کرون	قدم اُنکے مین اپنے سر پہ دھرون

اُنہی کی پیروی سے ہم نہایت اچھا مین لیئے چلے ہون [illegible] کہ دوسرا
کہنا مانو اور جس طرح مین کہون اُسی طرح چلو تیسرے [illegible] اشرفی جسطرح
کہو گی کرونگا اور جس طرح [illegible] چلوگی [illegible] وات ہو
یہ [illegible] ہاتھ آنی [illegible] ایمان کی [illegible] سے اب [illegible] ہونگا تو
[illegible] جان [illegible] کی [illegible] بیان تجھ سے [illegible] بادشاہ
دو جہان کی [illegible] فرشتے انھون
سے [illegible] جاتے ہین آپ تم
اپنے ہاتھ باندھ گلے مین طوق پاؤن مین [illegible] قیدیون کی
طرح حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت مین چلو کہ
بڑے گنہگار ہو یہودی سے کہا جو چاہو سو کرو فی الحقیقت مین ایسا ہی
گنہگار ہون ادھر بیٹی نے باپ کے ہاتھ باندھے اودھر جبرئیل علیہ السلام
حضرت کے پاس آئے اور اُس باپ بیٹی کا سارا قصہ سنایا حضرت جبرئیل
یہ کہکر چلے گئے اور وہ بیٹی جو بیٹون سے زیادہ پیاری تھی اپنے باپ کو
گنہگارون کی طرح ہاتھ باندھے ہوئے حضرت کی خدمت مین لائی اور
کہا کہ حضرت یہ گنہگار حاضر ہے یہودی حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ

گنہگار ہوں اور خطا وار ہوں	سزا جو کہ دو مَیں سزا وار ہوں
نبی تم ہو پیارے خدا کے رسولؐ	میری عرض للہ نبیؐ قبول
خطا بخش دیجیے خدا کے لیئے	مجھے آپ مسلمان بھی کر دیجیئے

یہ سن کر حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بڑی مہربانی سے اُس کا سر اٹھایا اور اُس کو مسلمان کیا۔ نظم

اے بیبیو دلو ۔ زبان کرو	قربان نام پاک محمدؐ پہ جان کرو
جاری زبان پہ جن و ملک کی سلام ہے	مَیں صدقے اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

اے بیبیو حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ [illegible] حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ہاتھ مبارک سے [illegible] میں رکھدیا اُسیوقت ایسی اچھی ہو گئی کہ پہلے بھی ویسی نہ تھی۔ نظم

اے بیبیو دلو کو ۔ زبان کرو	قربان نام پاک محمدؐ پہ جان کرو
ا ۔ ی زبان پہ جن و ملک کی سلام ہے	مَیں صدقے اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

اے بیبیو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی آنکھیں خیبر کی لڑائی میں بہت دکھتی تھیں حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا ہاتھ مبارک اُن پہ پھیرا اُسیوقت اچھی ہو گئیں۔ نظم

اے بیبیو دلو کو ۔ زبان کرو	قربان نام پاک محمدؐ پہ جان کرو
جاری زبان پہ جن و ملک کی سلام ہے	مَیں صدقے اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

اے بہنو حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیٹی۔ بڑا روگ یعنے کوڑھ ہوگیا تھا انھون نے حضرت ؐ سے اُنکا حال عرض کیا حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک لکڑی سے اُن کو چھوا کوڑھ اُن کا اُسی وقت جاتا رہا

نظم

اے بیبیو درود کو ورد زبان کرو	قربان نام پاک محمد پہ جان کرو
جاری زبان پہ جن و ملک کی سلام ہے	مین صدقے اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

اے بہنو ایک عورت اپنے لڑکے کو جو گونگا اور بہرا تھا حضرت ؐ کے پاس لائی حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تھوڑا سا پانی منگایا اور اُس مین کلی کی اور ہاتھ اپنے دھوئے پھر وہ پانی اُس لڑکے کو پلایا اُسی وقت وہ بولنے لگا اور ایسا عقل مند ہوا کہ سب سے بڑھ گیا۔

نظم

اے بیبیو درود کو ورد زبان کرو	قربان نام پاک محمد پہ جان کرو
جاری زبان پہ جن و ملک کی سلام ہے	مین صدقے اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

اے بہنو ایک عورت اپنا لڑکا حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور مین لائی اور عرض کیا کہ یہ لڑکا باؤلا ہے اور اس نے مجکو بہت تنگ کر رکھا ہے حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا ہاتھ مبارک اُس کی چھاتی پر ملا اُسی وقت اُس کو قے ہوئی اور اچھا ہو گیا

نظم

اے بیبیو درود کو ورد زبان کرو	قربان نام پاک محمد پہ جان کرو

جاری زبان پہ جنّ و ملک کی سلام ہے | مین صدقے اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

اے بہنو ایک گنجے کے سر پر حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا ہاتھ مبارک رکھا اُسی وقت اُس کا گنج جاتا رہا نظم

اے بیبیو درود کو وردِ زبان کرو | قربان نام پاک محمد پہ جان کرو
جاری زبان پہ جنّ و ملک کی سلام ہے | مین صدقے اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

اے بہنو ایک شخص جلندر کی بیماری مین بیمار تھا اُس نے کسی کو حضرت کی خدمت مبارک مین بھیجکر اپنا حال عرض کیا حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تھوڑی خاک اُٹھا کر اُس مین تھوک مبارک ڈالا اور اُس کے پاس بھیجا وہ شخص مرا چاہتا تھا اُس کے کھاتے ہی اچھا ہو گیا نظم

اے بیبیو درود کو وردِ زبان کرو | قربان نام پاک محمد پہ جان کرو
جاری زبان پہ جنّ و ملک کی سلام ہے | مین صدقے اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

اے بہنو عتبہ سلمی کو ایسی تپ تھی کہ کبھی اُترتی ہی نہ تھی اُنھون نے اپنا حال حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا حضرت محمد مصطفٰے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ہاتھ پر کچھ پڑھ کر اُن کے تمام بدن پر ملا اُسی وقت وہ تپ جاتی رہی اور اُن کے بدن سے ایسی خوشبو آتی تھی کہ تمام دنیا کی خوشبو اُسکو نہین پہونچتی تھی نظم

اے بیبیو درود کو وردِ زبان کرو | قربان نام پاک محمد پہ جان کرو

ہماری زبان پہ جن و ملک کی سلام ہے　　ہیں صدقے اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

اے بہنو حضرت عبداللہ عتیک کی بیٹی بالا خانے سے گر پڑی تھی اس کی ٹانگ کی ہڈی ٹوٹ گئی تھی حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس پر اپنا ہاتھ مبارک پھیرا اسی وقت وہ ایسی جڑ گئی کہ جیسے کبھی ٹوٹی ہی نہ تھی

نظم

اے بہنو درود کو ورد زبان کرو　　قربان نام پاک محمد پہ جان کرو
ہماری زبان پہ جن و ملک کی سلام ہے　　ہیں صدقے اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

اے بہنو ایک آدمی کو ادھرنگ کی بیماری ہو گئی تھی اس سے اٹھا نہ جاتا تھا پڑا رہتا تھا اس نے پڑے پڑے حضرت کی تعریف لکھنی شروع کی رات کو خواب میں کیا دیکھتا ہے کہ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا ہاتھ مبارک اس کے بدن پہ لگایا اس کی برکت سے وہ بیماری جاتی رہی

نظم

اے بہنو درود کو ورد زبان کرو　　قربان نام پاک محمد پہ جان کرو
ہماری زبان پہ جن و ملک کی سلام ہے　　ہیں صدقے اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

اے بہنو حضرت ابوبکر ہمارے دادا جان ہیں حضرت سرور کائنات صلے اللہ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم کے بڑے جان نثار اور یار غار تھے جب حضرت غار پہ پہنچے آپ ساتھ تھے ہاتھ باندھ کر عرض کیا آپ ٹھہرئیے میں

ثابت ہے [illegible] ساتھ ذکر آ اول حضرت
سرور کائنات [illegible] حضرت صدیق اکبرؓ غار کے اندر
تشریف لے گئے جتنے سوراخ [illegible] پھاڑ پھاڑ
کر بند کیا ایک سوراخ باقی رہ گیا اُس میں آپ نے اپنے پاؤں کی ایڑی
لگا دی اور حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اندر بلایا آپ تشریف
لے گئے اور حضرت صدیق اکبرؓ کے زانو پہ سر رکھ کر سو رہے سانپ
نے حضرت صدیق اکبرؓ کے پاؤں میں کاٹا مگر اُنھوں نے اس خیال سے کہ
آپ کی نیند میں خلل نہ پڑے پاؤں کو نہ سرکایا جب سانپ کی کاٹنے کی
بہت تکلیف حضرت صدیق اکبرؓ کو ہوئی تو آپ کے آنسو نکل پڑے اور
حضرتؐ کے رخسارے مبارک پر گرے تو آپ جاگ اُٹھے حضرت صدیق
اکبرؓ نے عرض کیا مجھ کو سانپ نے کاٹ لیا ہے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ
وسلم نے اپنا تھوک مبارک کاٹنے کی جگہ پر لگا دیا اُسی وقت حضرت صدیق
اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اچھے ہو گئے اور سب درد جاتا رہا اور [illegible]

اُس قول پر دادا جان کی طرح نظم

اے بیبیو درود کو ورد زبان کرو	قربان نام پاک [illegible] پہ جان کرو
جاری زبان پہ جن و ملک کی سلام ہے	میں صدقے اس کے نام کے کیا پیارا نام ہے

اے بہنو حضرت عیسیٰ علیہ السلام تو تجربہ سے ہی جانتے تھے کہ لوگ اپنے

گھروں میں یہ کھاتے اور پیتے ہیں اور یہ جمع کرتے ہیں اور ہمارے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سارا حال زمین سے آسمان تک کا اللہ تعالیٰ کے حکم سے ایسا کھل جاتا تھا جیسا آنکھوں کے سامنے ہوتا ہے جب حضرت عباس چچا جان حضرت کے ایمان لانے سے پہلے بدر کی لڑائی میں پکڑے ہوئے آئے اور اُن پر بھاری فدیہ مقرر ہوا تو اُنھوں نے حضرت سے کہا کہ اپنا مال کہاں سے دوں کیا تمھیں یہ منظور ہے کہ چچا تمھارا بھیک مانگے اور لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاوے تب حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ چچا جان وہ سونا کہاں گیا جو تم چچی جان کو مکے میں سپرد کر آئے ہو اور وصیت کر آئے ہو کہ اگر میں مارا جاؤں تو اتنا تم لینا اور اتنا میرے لڑکوں کو دینا حضرت عباسؓ نے حیران ہو کر کہا یا رسول اللہ آپ کو اس بات کی کیونکر خبر ہوئی فرمایا میرے خدا نے مجکو خبر کر دی حضرت عباسؓ یہ سنتے ہی ایمان لے آئے اور کلمہ پاک لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھا نظم

اے بیبیو درود کو ورد زبان کرو	قربان نامِ پاک محمد پہ جان کرو
جاری زبان پہ جن و ملک کی سلام ہے	یہیں صدقے اس ہی نام کے یہ پیارا نام ہے

اے بہنو حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ اور حضرت امام حسینؓ کے شہید ہونے کی اور

بیت المقدس اور مصر کے فتح ہونے کی اور بہتر فرقے پیدا ہونے کی پہلے
ہی سے خبر دی تھی چنانچہ ایسا ہی ہوا اور یہ بھی خبر دی تھی کہ ازواج
مطہرات میں سے پہلے وہ بیوی اللہ کو پیاری ہوگی جلکے ہاتھ سب میں
سب سے پہلے حضرت زینبؓ کا انتقال ہوا حضرت سب ہاتھ سخاوت
مین سب سے لمبے تھے تصدق ہو جاؤن اس خبر دینے کے [illegible]

اے بیبیو درود کو ورد زبان کرو	قربان نام پاک محمد پہ جان کرو
جاری زبان پہ جن و ملک کی سلام ہے	مین صدقے اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

اے بہنو جس وقت نجاشی بادشاہ حبش کا مر گیا اسی وقت حضرت نے
اس کے مرنے کی مدینہ میں فوراً ہی خبر دی اور اس کے جنازے کی نماز
غائبانہ پڑھی مدینے سے حبش تک سیکڑوں کوس کے پردے حضرت کی
آنکھ ان کے سامنے سے اٹھ گئے تھے اور جنازہ نجاشی کا حضرت محمد
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے حاضر تھا نظم

اے بیبیو درود کو ورد زبان کرو	قربان نام پاک محمد پہ جان کرو
جاری زبان پہ جن و ملک کی سلام ہے	مین صدقے اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

اے بہنو جابر رضی اللہ عنہ نے [illegible] آٹا اور ایک بکری کا بچہ ذبح کر کے
حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے کھانا طیار کرایا حضرت رسول
مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اور صحابیوں کو بھی ساتھ حضرت جابرؓ

[illegible] کی جو چوٹی پڑی ہوئی تھی آپ کے خیمہ میں
[illegible] تھا حضرت نے اپنا آب دہن مبارک ڈالا اور دعا برکت کی
[illegible] آٹو میسر آئے اور دعوت میں ایسی برکت ہوئی کہ حضرت نے اور
تمام اصحابوں نے کھایا اور جتنا تھا اُتنا ہی رہا۔ نظم

اے شیفتو درود پڑھو ورد زبان کرو
قربان نام پاک محمد پہ جان کرو
ہماری زبان پہ جن و ملک کی سلام ہے
میں صدقے اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

آئے بھنو تبوک کی لڑائی میں جب لوگوں کے پاس کچھ کھانے کو نہ رہا تو حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ دسترخوان بچھاؤ اور جن کے پاس کھانے کی چیز ہے لاؤ پھر ایک ایک نے جو کچھ باقی تھا لا کر دسترخوان پر جمع کیا اور حضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے دعا کی اور فرمایا کہ اپنے اپنے برتنوں میں بھر لو اس لشکر میں جتنے صحابی تھے سب نے اپنے اپنے برتن بھر لیے اور جب خوب پیٹ بھر کر کھایا تب بھی کھانا بچ رہا تصدق ہو جاؤں [illegible] حضرت [illegible]

اے شیفتو درود پڑھو ورد زبان کرو
قربان نام پاک محمد پہ جان کرو
ہماری زبان پہ جن و ملک کی سلام ہے
میں صدقے اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

آئے بھنو حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ کی والدہ شریفہ نے کچھ کھانا پکا کر اور ایک پیالے میں بھر کر حضرت انسؓ کے ہاتھ رسول مقبول

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں بھیجا رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اصحابوں کو بلایا تین سو اصحاب جمع ہو گئے حضرت نے اپنا ہاتھ مبارک اُس پیالے پر رکھ کر کچھ پڑھا اور اس میں سے کھانا نکال کر دس دس آدمیوں کو دیا اور فرمایا کہ بسم اللہ کر کے اپنے اپنے آگے ... کھاؤ اللہ تعالی نے ایسی برکت اس کھانے میں دی کہ تین سو آدمیوں نے اس میں سے پیٹ بھر کر کھایا اور جتنا تھا اُتنا بچ رہا ... کا

... اُس ہاتھ کے رکھنے پر نظم

اے ... وزبان کرو	قربان نام پاک ... پہ جان کرو
... زبان پہ ... کی سلام ہو	میں ... نام ... پیارا ...

اے ... ایک ... حضرت ابو ایوب انصاری کچھ کھانا پکا کر حضرت سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ... لائے کھانا اتنا ہی تھا کہ دو آدمی کھا سکیں حضرت نے ایک ... کو بلایا او اُس کھانے میں سے کھلایا ... ایک ... کے ... کھایا ... جتنا تھا اُتنا بچ رہا ... میں ... معجزہ دیکھ کر اسی وقت ایمان لائے او کہا ... ان لا الہ الا اللہ واشہد ان محمدا رسول اللہ

نظم

اے بیبیو درود کو ورد زبان کرو	قربان نام پاک محمد پہ جان کرو
جاری زبان پہ جن و ملک کی سلام ہے	مین صدقے اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

اے بہنو حضرت عبد الرحمن بیٹے ابو بکر رضی اللہ تعالی عنہ کے جو دادا
جان اس بندے کے ہین فرماتے ہین کہ ایک سفر مین ہم ایک سو تیس ۱۳۰
آدمی حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ساتھ تھے
دوسرا آٹا خمیر کیا گیا اور ایک بکری ذبح کی اور اس کی کلیجی اور دل
اور گردے بھون کر حضرت نے ہر ایک کو ایک ایک [illegible] او با اور
جب کھانا پک گیا تو دو پیالون مین وہ کھانا بھر کر حضرت نے
ہم کو [illegible] برکت [illegible] ان مین کی [illegible]
جو کر [illegible] کھانے کے بھرے رہے صدقے
ہو جاوٴن اس معجزے پر

نظم

اے بیبیو درود کو ورد زبان کرو	قربان نام پاک محمد پہ جان کرو
جاری زبان پہ جن و ملک کی سلام ہے	مین صدقے اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

اے بہنو حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہین کہ حضرت رسول خدا صلے
اللہ علیہ و آلہ وسلم نے عبد المطلب کی اولاد مین سے چالیس
آدمیون کو جمع کیا اور ان مین ایک قوم ایسی تھی کہ ایک بچہ اونٹ
کا جو چار برس کا ہو کھاتے تھے ایک مشک پانی پیتے تھے حضرت

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک پیالے مین کھاتا تو ... پانی ان کو دیا اللہ تعالیٰ نے ایسی برکت اس پانی اور کھانے ... کہ ان سبھون ... اچھی طرح پیٹ بھر کر کھایا اور اتنا ہی کھانا بچ رہا تھا

نظم

... نام پاک محمد صلعم پہ جان کرو
... کیا پیار انام ہے

... [illegible] ... اور
... [illegible] ... کہ
حضرت ابو ... [illegible] ...
... [illegible] ...
روز حضرت ... [illegible] ...
وان ان ... [illegible] ...
... فرماتے تھے آج ... [illegible] ...
اللہ تعالیٰ عنہ کے شہید ہوئے تک ... [illegible] ...
... کا جو حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دم کی برکت
اسے کبھی خالی نہین ہوا اور آپ جاؤن اس دم کی برکت پہ نثار

... بیبیو ... زبان کرو
قربان نام پاک محمد صلعم پہ جان کرو

جاری زبان پہ جن و ملک کی سلام ہو	ہین شمحمد اس ہی نام کے کیا ہی پیارا نام ہے

آتے ہنو مدینے کے رستے پر ایک عورت رہتی تھی جس کا نام عاتکہ خالد کی بیٹی تھی اور اُس کو ام معبد بھی کہتے تھے اور وہ عورت بہت بڑھی تھی اپنے گھر کے دروازے بیٹھی رہتی تھی جو مسافر وہان آتے تھا اُس کی مہمانی کرتی اور کھانا کھلاتی حضرت سرور کائنات صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مکے سے ہجرت کرکے مدینے کو جاتے آئے تو راستے مین اُس کے گھر ٹھہرے تھے حضرت نے اُس عورت سے مول لینے کے لیئے گوشت ... اور خرمے مانگے اُس نے عرض کیا کہ اس سال کال ہے میرے پاس کچھ نہین ہے اگر ہوتا یہان ہوتا تو مین آپ کی مہمانی دعوت کرتی پھر حضرت نے دیکھا کہ اُس کے گھر کے کونے مین ایک بکری بہت دبلی پڑی ہوئی ہے حضرت نے اُس بڑھیا سے پوچھا کہ یہ بکری چرنے کیون نہین جاتی اُس نے کہا کہ دبلے پن سے بیٹھ گئی اُٹھ نہین سکتی حضرت نے فرمایا اگر تم کہو تو مین اس کو دوہون اُس نے عرض کیا کہ میرے مان باپ آپ پر سے صدقے ہون اگر تم اس مین دودھ دیکھتے ہو تو دوہ لو حضرت نے اُس بکری کا پاؤن پکڑا اور اپنا ہاتھ اُس کے تھن مین لگا کر فرمایا اللھم بارک فی شاتہا یعنی اے اللہ برکت ہوے ام معبد کی بکری مین یہ کہتے ہی اُس کے تھن

دودھ سے بھر آئے حضرت نے دودھ اُس کا دوہ کر سب ڈیرے والوں
کو دیا اور اپنے ہمراہیون کو پلایا اور پھر آپ نوش فرمایا اور اُمّ معبد
کے گھر کے سب برتنوں کو بھر کر بکری کو چھوڑ دیا وہ بیچاری نہال
ہو گئی اور حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ والہ وسلم کی بلائین

پینے کی نظم

اے بیبیو درود کو ورد زبان کرو	قربان نام پاک محمد پہ جان کرو
جاری زبان پہ جن و ملک کی سلام ہے	مین صدقے اُس نام کے کیا پیارا نام ہے

لائے ہنو حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہین کہ جب ہم
چشمہ تبوک پر پہونچے تو اُس مین تھوڑا سا پانی تھا حضرت صلے اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے اُس پانی سے اپنا مُنہ مبارک دھویا اور پھر وہ پانی
جس سے مُنہ دھویا تھا اُس چشمہ مین ڈال دیا ڈالتے ہی اتنا پانی اُس
مین آگیا کہ سب نے پیا

نظم

اے بیبیو درود کو ورد زبان کرو	قربان نام پاک محمد پہ جان کرو
جاری زبان پہ جن و ملک کی سلام ہے	مین صدقے اُس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

لائے ہنو براء بن عازب رضی اللہ فرماتے ہین کہ حدیبیہ کی لڑائی مین پانی اتنا نہ
تھا کہ لوگون نے حضرت سے پیاس کا گلہ کیا حضرت صلے اللہ علیہ
وآلہ وسلم ایک کنوئین پر تشریف لے گئے اُس مین پانی اتنا نہ تھا کہ پچاس

بکریان بھی پیتین حضرت محمد صلعم نے کنوین سے ایک ڈول پانی کا منگایا اور اُس سے وضو کیا آپ نے مبارک اُس مین ڈالا وہ پانی کنوین مین ڈال دیا تھوڑی ہی دیر مین پانی اُس کنوین مین اتنا زیادہ ہوا کہ چودہ سو آدمیون نے اچھی طرح پیا صدقے جاؤن اس برکت کے

نظم

اے بیبیو درود کو ورد زبان کرو	قربان نام پاک محمد صلعم پہ جان کرو
جاری زبان پہ جن و ملک کی سلام ہے	مین صدقے اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

انس رضی اللہ تعالی عنہ کی بڑی عمر ہوئی اور بہت اولاد ہوئی اور اُس مین برکت ہونے کی دعا جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کی قربان ہو جاؤن اُن کے نام پر کی تھی سو برس سے زیادہ اُن کی عمر ہوئی اور اولاد کی بھی بہت کثرت ہوئی کہ اُن کی زندگی مین سو سے زیادہ اُن کی اولاد بیٹے پوتے ہو چکے تھے اور مال مین ایسی برکت ہوئی کہ باغ اُن کا برس مین دو بار پھل لاتا تھا یہ صدقہ تھا حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا صدقہ تھا

نظم

اے بیبیو درود کو ورد زبان کرو	قربان نام پاک محمد صلعم پہ جان کرو
جاری زبان پہ جن و ملک کی سلام ہے	مین صدقے اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

گئے ہیں حضرت ابو ہریرہؓ صحابی حضرتؐ کے مدینے میں رہتے تھے وہاں ان کے پاس اُن کی والدہ آئیں جب تک وہ مسلمان نہ ہوئی تھیں حضرت ابو ہریرہؓ نے اپنی والدہ سے کہا کہ تم مسلمان ہو جاؤ تو انھوں نے مسلمان ہونے سے انکار کیا اور کچھ حضرتؐ کی شان میں بھی بُرا کہا حضرت ابو ہریرہؓ کو بڑا رنج ہوا اور روتے ہوئے حضرت سرورِ کائنات صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دربار میں آئے اور سارا حال عرض کیا اور اپنی ماں کے حق میں دعا ہدایت کی چاہی حضرتؐ نے فرمایا الٰہی ابی ہریرہؓ کی ماں کو ہدایت کر بعد اس کے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے گھر گئے تو کیا دیکھتے ہیں کہ ان کی والدہ نہا رہی ہیں جب وہاں نہا چکیں تو حضرت ابو ہریرہؓ کو پاس بُلایا اور کہا اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ حضرت ابو ہریرہؓ کو یہ سُن کر ایسی خوشی ہوئی کہ پھولے نہیں سماتے تھے اور حضرتؐ کے حضور میں حاضر ہو کر اپنی والدہ کے ایمان لانے کا حال عرض کیا واہ کیا کہنا ہوں اس دعا کے اثر پر جس نے پتھر کو موم کر دیا

نظم

قربان نام پاکِ محمدؐ پہ جان کرو	... کو ورد زبان کرو

جاری زبان پہ ہیں ... سلام ہم	ہیں قصد اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

آتے ہیں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے واسطے حضرت کائنات صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا فرمائی تھی کہ ان کو سردی گرمی کی تکلیف کبھی نہ ہو ... دعا کی تاثیر اور برکت سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا یہ حال ہو گیا کہ گرمیوں میں جاڑوں کے اور جاڑوں میں گرمیوں کے کپڑے پہنتے تھے اور کچھ تکلیف نہ ہوتی تھی تصدق ہو جاؤں

اس دعا کی تاثیر پہ **نظم**

اے حبیب درود کو ورد زبان ...	قربان نام پاک محمد صلعم پہ جان کرو
جاری زبان پہ ہیں ... آپ کی سلام ہم	ہیں قصد اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

آتے ہیں ایک اعرابی نے حضرت ... ہو کر عرض کیا کہ ہمارے بال بچوں کا حال ہو رہا ہے مینہ نہیں برسا بال سب بھوکے مرتے ہیں چار پائے مرے جاتے ہیں آپ مینہ کے لیئے دعا فرمائیے حضرت رسول مقبول محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مینہ کے واسطے دعا کی اسی وقت مینہ برسنا شروع ہوا اور آٹھ دن تک برستا رہا **نظم**

اے حبیب درود کو ورد زبان کرو	قربان نام پاک محمد صلعم پہ جان کرو
جاری زبان پہ ہیں ... کی سلام ہم	ہیں قصد اس ہی نام کے کیا پیارا نام ہے

ائے بہنو حضرت عیسے علیہ السلام چوتھے آسمان پر پہونچے اور ہمارے
حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم معراج کی رات ساتوان
آسمان سے اوپر وہان تک پہونچے جہان تک کوئی نبی یا فرشتہ نہین
پہونچا اور بہشت کی سیر فرمائی نظم

اے بہنو درود کو ورد زبان کرو | قربان نام پاک محمد پہ جان کرو
جاری زبان پہ جن وملک کی مدام ہے | یعنی صلے اسی کے نام کے کیا پیارا نام ہے

اے بہنو اب تھوڑی سی کیفیت حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے
معراج شریف کی بیان کرتی ہون دل لگا کر سنو کہ جب ہمارے حضرت
کی عمر شریف باون برس تین مہینے کی ہوئی تو آپ کو مرتبہ معراج حاصل
ہوا اس رات کہ مشرق سے مغرب تک زمین سے آسمان تک نور کی
چادر بچھا دی گئی تھی تب حضرت جبرائیل کو حکم رب العالمین ہوا
کہ اے جبرائیل آج کی رات تسبیح و تہلیل چھوڑ دے اور کمر خدمتگاری
کی باندھ اور چتر سعادت کا ہاتھ مین لے اور رضوان داروغہ
بہشت سے کہدے کہ اچھی طرح سے بہشت کو چمن بندی سے آراستہ
کرے اور فرش زمرد بچھوادے اور مالک داروغہ دوزخ سے
کہدے کہ دوزخ کے دروازے بند کردے اور عزرائیل علیہ السلام
قبض روح موقوف کرے اور اسرائیل علیہ السلام سے کہو کہ

پیالہ رزق کا ہاتھ سے رکھدے کیونکہ آج کی رات ہمارے حبیب محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت گذاری پر مستعد ہو جاوے قربان ہو جاؤں اُس حبیب پر آج اُن کی معراج کے لیئے اتنے اہتمام اور انتظام لیئے ہیں کیا عظیم الشان مہمان کی آمد کی دھوم ہو رہی اے بہنو حضرت جبرئیل نے اُسی وقت تسبیح وتہلیل چھوڑ دی اور خوشی خوشی کمر خدمت گذاری کی باندھی آہ حضرت جبرئیل نے درگاہ رب کردگار خداوندی میں عرض کیا حکم حق اللہ تعالیٰ کا ہوا کہ اے جبرائیل بہشت میں جاؤ اور ایک براق تیز رفتار ہوا سے آگے جانے والا اور ستر ہزار فرشتے لے کر ہمارے حبیب محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور میں جاؤ ہمارے حبیب سے کہدو کہ آج آپ کی معراج کی رات ہے آؤ میری ملاقات کو تمہاری ملاقات کا مشتاق ہوں نثار ہو جاؤں اُس پیارے محمد مصطفےٰ پر کہ جن کے لیئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ او میرے حبیب کو میں ملاقات کا مشتاق ہوں اللہ اکبر اے بہنو کس قدر اللہ کو چاہ پیار تھا اُسی وقت حضرت جبرائیل ستر ہزار فرشتے ساتھ لے کر جنت میں آئے ہزاروں لاکھوں براق بناؤ سنگار کیئے ہوئے کھڑے تھے ہر ایک کو یہ گمان تھا کہ ہم خوب صورت ہیں جبرائیل ہم کو لے جائیں گے ہم کو پسند

کہ میں نے اِن پر ہاتھوں میں ایک برچھی ہے حضرت کے اختیار بھی ہے
زرا زرو رہتا تھا اور اپنے دل میں یہ کہتا تھا کہ بھلا ان پر ہاتھوں کے سامنے
مجھے کون پوچھیگا غمگین چپ کھڑا تھا جبرئیلؑ نے پوچھا کہ اے براق
تو نے اپنے تئیں کیوں نہ آراستہ کیا عرض کیا کہ اے مقرب بارگاہ
الٰہی کے فرشتے کیا عرض کروں جب سے پیدا ہوا ہوں محمد مصطفےٰ
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کا مشتاق ہوں اور دل و
جان سے عاشق شیدا ہوں بھلا عاشق کو سنورنے سے کیا غرض اور
میرے کہاں ایسے نصیب کہ حضرتؐ کی زیارت کروں یہ مشتاقانہ کلام
سُن کے حضرت جبرائیلؑ نے اسی کو پسند کیا یہ سُنتے ہی وہ نہایت وجد
خوش ہوا اور خوشی خوشی اُس نے اپنے تئیں جڑاؤ زیوروں سے
آراستہ او پیراستہ کیا اور اللہ جل شانہٗ نے اپنی قدرت سے اُس
کو ایسا حسین اور خوب صورت کر دیا کہ جب حضرت جبرائیلؑ لیکر چلے
تو اُس کے مقابلے میں کوئی براق نہ نکلا یہ مایوسی اور عاجزی [illegible]
[illegible] ق کی [illegible] کو پسند کی [illegible] تو یہ ہے [illegible] جس کو چاہے

[illegible] نظم

جو شمع عشق نبوی خانہ دل میں جلاتے ہیں
بلاشک وہ ہی اپنے دل کو بیت اللہ بناتے ہیں

[illegible] پاس [illegible] سے قید سے اُس کا

کبھی ہر رنگ میں اپنا رنگ وحدت کا دکھاتے ہیں

[illegible] کہ اللہ یا ہمیں کب سمجھ تمہارے کا

خودی منصور خودی قتل کا فتوے لگاتے ہیں

غرضکہ لے بنو وہ براق مع ستر ہزار فرشتوں کے حضرت کے در دولت سلطانی پر پہونچے ہمارے حضرت اُس دن بی بی اُم ہانی کے گھر میں آرام فرماتے تھے ستائیسویں رجب کی اور رات دوشنبے کی تھی کہ حضرت جبرائیل نے دیکھا کہ آپ بی بی کے ساتھ آرام فرماتے ہیں خلاف ادب تھا جگا نہ سکے تامل کیا اور فکر کرنے لگے کہ کیونکر جگاؤں حکم ہوا کہ اے جبرائیل اپنا منھ پائے مبارک سے مل چونکہ حضرت جبرائیل کا خمیر کافور سے اسی دن کے واسطے بنا تھا جبرئیل علیہ السلام اپنا منھ حضرت کے پیروں سے ملنے لگے کافور کی ٹھنڈک پائے مبارک میں پہونچی اور حضرت جبرائیل اور میکائیل سامنے مودب کھڑے ہوکے عرض کرنے لگے نظم

اے رسول عربی شافع محشر جاگو
آیا جبرئیل ہے لینے کو پیمبر جاگو

آئے میں حور و ملک در پہ قدمبوسی کو
میرے آقا میرے مولی میرے سرور جاگو

ملتے جبرائیل کف پا سے ہیں آنکھیں اپنی
نور حق نور نبی نور پیمبر جاگو

جاگو جاگو ری میرے شافع محشر جاگو
جاگو [illegible] ساقی کوثر جاگو

اُسوقت حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم خواب راحت سے جاگے
حضرت جبرئیل نے مژدہ وصل سُنایا کہ اللہ تعالیٰ آپ کے دیدارِ حسن کا
مشتاق ہے آپ نے اُسیوقت قصد طہارت فرمایا بند قبا اور تکمہ گریبان
نہین کھولنے پائے کہ داروغۂ رضوان دوڑکے دو ٹھلیان یاقوت کی
اور ایک طشتِ زمرد لیکر حاضر ہوا حضرت نے غسل کیا اور دو رکعت نماز
شکرانہ ادا کی پھر حضرت جبرائیل نے حضرت کو نورانی لباس بہشتی پہنایا
عمامہ نورانی جسکو حضرت آدم علیہ السلام سے سات ہزار برس پیشتر آپ ہی
کے واسطے طیار کیا تھا اور چالیس ہزار فرشتے اسکے گرد کھڑے ہو کر رات
دن دُرود پڑھا کرتے تھے وہی چالیس ہزار فرشتے اُس عمامے کے ساتھ
آئے تھے آپ کے سرِ مبارک پر عمامہ باندھا اور ردائے نورانی اوڑھائی
اور نعلین سبز پیرون مین پہنائین پٹکہ یاقوت سُرخ کا کمر سے باندھا کوڑا
زمرد کا ہاتھ مین دیا اُسوقت محبوبِ خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا عجیب

حُسن تھا عضو عضو رشکِ بہار تھا

نظم

قدر رعنا کی ادا جامہ زیبا کی پھبن — نرگسین آنکھ غضب ناز بھری وہ چتون
وہ عمامے کی سجاوٹ وہ جبینِ روشن — اور وہ مکھڑے کی تجلی وہ بناگوش [illegible]
وہ قبائے عربی اور وہ [illegible] دامن — [illegible]
[illegible] دیکھے تو [illegible] کفن — اُٹھ کے قبر سے بیتاب زبان پر یہ سخن

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

جب آپ اپنے دولت سرا سے باہر تشریف لائے دیکھا کہ ایک براق برقی
رفتار دروازے پر کھڑا ہے آپ نے پوچھا کہ اے جبرائیل یہ کیسا براق ہے
جبرئیل نے عرض کیا اے حبیب اللہ کے اس براق تیز رفتار پر آپ سوار
ہو جیئے یہ خوشخبری سنکر آپ نے تامل کیا فوراً حکم نازل ہوا اے جبرائیل
پوچھو میرے حبیب سے کہ توقف کا کیا سبب ہے حضرت جبرائیل نے پوچھا ہمارے
حضرت سے آپ نے فرمایا اے جبرئیل آج مجھکو میرے پروردگار نے خلعت
سرفرازی عنایت کیا براق سواری کے لئے بھیجا کل روز قیامت میں میری
امت ضعیف ونا تواں ... ... لغزش جھاڑتی ہوئی
قبروں سے اٹھیگی اور اپنی گردنوں پر گناہوں کا بوجھ دھرا ہو گا میں
ورمظلومی کا ہاتھ بغل لائے ہوئے پچاس ہزار برس کی راہ قیامت کی ہے
اور تیس ہزار برس کی راہ پل صراط کی ہے تو یہ کیونکر طے کرینگے اور کیونکر
پار اترینگے ارشاد رب العالمین ہوا کہ اے جبرئیل میرے حبیب سے عرض کرو
کہ بسطرح آج آپ کے واسطے در دولت پر براق بھیجا ہے اسیطرح کل قیامت
میں آپ کے امت ہر ایک امتی کیلئے براق قبروں پر بھیج کر براق پر سوار کر کے
پل صراط سے پار اتار دونگا یہ سنکر آپ بہت خوش ہوئے اور فرمایا کہ اب

مجھے تسکین تو دینا یہ سنکر آپ براق کے پاس آئے براق شوخی کرنے لگا
حضرت جبرئیل نے براق سے کہا کہ اے براق تو نہین جانتا ہے شعر

محبوب ذات کبریا تاج خدا یہ ہے تو نہین ۔ شعر ۔ ہے جنکا جا بجا وصف ثنا یہی تو نہین

براق نے عرض کیا کہ مین جانتا ہون کہ اللہ کے محبوب پیارے محمد
مصطفے یہی ہین لیکن میری ایک عرض ہے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ
وسلم نے فرمایا کہ کیا تیری دلی خواہش ہے براق نے عرض کیا کہ یا حضرت
آپ پر سے قربان جاؤن یہ آرزو ہے کہ روز قیامت کو بھی مین ہی آپ
کی سواری کیلیئے لیا جاؤن حضرت نے اسکی آرزو قبول و منظور فرمائی
اسی وقت براق فخر کرتا ہوا اپنی پشت زمین کو آپ کے سامنے جھکا لیا اور

آپ سوار ہوکے چلے ۔ نظم

شب معراج کو جب مدینے سے سرور نکلے ۔ شور تھا عرش پہ اللہ کے دلبر نکلے
قدسیون کا جو معطر ہو مشام آپکی رات ۔ کون کھولے تھے گیسوے معنبر نکلے
پردہ ڈالتے ہین لب سے دیکھو ہونٹ سے احمد ۔ نکلے تو تبسم کی ادا سے ہوئے چاند نکلے
شافع حشر کی کافی ہے حمایت مجھکو ۔ غم نہین میرے گناہون کے جو دفتر نکلے
خوف دوزخ سے بپا ہی عاصیو کیون اضطراب ۔ وہ شفاعت کیلیئے شافع محشر نکلے

جب حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ستر ہزار فرشتے داہنے اور ستر ہزار
فرشتے بائین جنکے ہاتھون مین ایک ایک شمع نوری تھی انکو ساتھ لیئے ہوئے

دولت سر ... شریف لائے ہوئے تھے ... ہم
... جب پہونچے راستے میں داہنے اور بائیں جانب سے آوازیں
آئیں کہ یا رسول اللہ آپ ٹھہر جائیے میں کچھ سوال کروں مگر رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کچھ جواب کسی کو نہیں دیا اور آگے بڑھتے چلے
گئے پھر راستے میں دیکھا ایک بڑھیا عورت بڑی حسین اور خوبصورت
اور سر سے پیر تک زیورات سے لدی ہوئی اور بناؤ سنگار کئے بیٹھی تھی آپ کو
دیکھ کے جلدی سے کھڑی ہو گئی کہنے لگی کہ یا رسول اللہ میں آپ پر قربان
ہو جاؤں آپ میری طرف ایک نظر اٹھا کر دیکھ لیجیے اصدقہ ہو جاؤں محمد
رسول اللہ پر آپ نے اس بڑھیا کی طرف بھی نظر نہ دیکھا جب آپ آگے
بڑھے تو جبرئیل سے پوچھا کہ یہ ... میں ... بڑھیا کون
تھی حضرت جبرئیل نے عرض کیا یا رسول اللہ ... یہود و نصاریٰ
کی تھیں اگر آپ جواب دیتے تو آپ کی امت یہود و نصاریٰ ہو جاتی اور
وہ بڑھیا دنیا تھی اگر آپ اسکی طرف دیکھ لیتے تو آپ کی امت طالب دنیا
ہو جاتی اور دنیا ہی کی خواہش میں ہلاک ہو جاتی جیسے اور آخرت کے لوگ
دنیا میں ڈوبے رہتے ہیں پھر اسکے بعد آپ ... بڑھے تو بیت المقدس سے
آپکے سامنے ملائکہ نے پیش کیے ... پیالے میں دودھ دوسرے میں شہد
تیسرے میں شراب خوشگوار تھی ... اٹھا کے نوش فرمایا

اسوقت جبرئیل نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ نے بہت اچھا کیا کہ دودھ کا پیالہ پی لیا دودھ سے مراد دین اسلام ہے پھر حضرت اور آگے چلے اور ایک مقام پر پہونچے جبرئیل نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ اس جگہ براق سے اتر لیجیے اور دو رکعت نماز پڑھیے یہ مقام کوہ طور سینا ہے حضرت موسی علیہ السلام سے اور حق تعالے سے یہاں [illegible] تھیں

نظم

دیکھی یہیں تجلی جو کہ طور نبی میں — نے حضرت موسیٰ یہ بیضا میں نہیں ہے
پر وہ ہے وقت ہیم کا احمد کی انجمن میں — کچھ فرق وہ صورت زیبا میں نہیں ہے

الغرض حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہان نماز پڑھی اور آگے بڑھے ایک اور جگہ [illegible] نظر آئی حضرت جبرئیل نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ یہاں پر بھی براق سے اتر کے نماز پڑھیے اس جگہ زمین پر حضرت عیسے علیہ السلام پیدا ہوئے تھے [illegible] حضرت نے یہان بھی [illegible]

[illegible] نماز پڑھی

نظم

حاصل ہے حیات [illegible] — [illegible] تجلی [illegible] میں نہین ہے
پوچھو تو شہ بال [illegible] — [illegible] آپ [illegible] میں نہین ہے
[illegible] — فرمایے تو کیا وہ کلیسا میں نہین ہے

جناب [illegible] بیت المقدس میں تشریف لائے اسوقت [illegible] زمین پر جمع ہو گئے اور [illegible]

لگے۔ السلام علیک یا نبی حبیب خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ہاتھ میں خوشبو لیے ہوئے سب فرشتے تھے کے او جھوم جھوم کے شوق مین کہتے تھے نظم

کیا حُسن کیا رخسار ہے کیا طرہ طرار ہے کیا نرگس بیمار ہے کیا ابرو خمدار ہے

کیا لب ہائے ... کیا گفتار ہی کیا قد ہی کیا رفتار ہے کیا ... دیکھو

عمامہ جو ہی زیب ... کی صفائی دیکھکر مہتاب سی بگڑا قمر خورشید سی ردہی سحر

پٹکا تو دیکھو کسقدر ہے زینت موئی کمر اُس قامت بے سایہ پر کتنا ہی زیبا پیرہن

جب ہمارے حضرت محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم (قربان ہو جاؤن اُن کے نام پر) بیت المقدس سے براق پر سوار ہوکر چلے رستے کے تمام عجائب وغرائب دیکھتے جاتے پہلے آسمان پر پہونچے تب جبریل ؑ نے آواز دی فرشتون نے پوچھا کون ہو کہا مین جبریل ؑ ہون جناب محبوب حضرت سید الانبیا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے ساتھ ہین یہ سنکر فرشتون نے دروازہ آسمان کا کھول دیا اور جناب ختم الانبیا محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہلے آسمان پر قدم شریف رکھا وہان سردار حضرت اسمٰعیل ہین اُنھون نے دیکھتے آپ کے ہاتھون کو بوسہ دیا اور کہا مرحبا مرحبا

یارسول اللہ ... کی اشعار۔

پڑی ہی کھلبلی سب آکاس ... سکھی آج محمد آوت ہین

جاکے کارن عرش پہ سب حورین مل مل کے منگل گاوت ہین

جبرئیل نے باگ کو تھام لیوا عزرائیل کا ہونے ہاتھ رکاب دیو
اور براق پہ اُن کو سوار کیو یک پک پہ جت دکھاوت ہین
رس ٹھاٹھ سی جب وہ براق چلا کوئی مجرا کیا کوئی صل علیٰ
کہین انگلی اٹھی کہین سیس جھکی کہین حور و ملک بل گاوت ہین
جبرئیل پکارے رسول خدا مجرے پر سب سے نگہ ہو ذرا
انھین دیکھت ہین اعمال ... ... کو سیس جھکاوت ہین
دو جگ مین ... ...
... کے بہار کو تھام لیو ... سے پار لگاوت ہین
حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہین کہ جب حضرت جبرئیل نے رکاب
تھامی اور اسرافیل نے غاشیہ دوش پر رکھا ... ...
یا اُن ... ... اسرافیل نے عرض کیا یا حبیب اللہ ...
ہزاروں برس کی عبادت کے عوض مین یہ خدمت خریدی ہے غرضکہ
حضرت سید عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ... ہوئے دوسرے اور
تیسرے فلک کو طے کرتے ہوئے ... ... آسمانی دیدار
سید ابرار سے بہت شاد اور خوش ... صل علیٰ ... پڑھنے لگے چوتھے
حضرت عیسیٰ علیہ سلام سے ملاقات ہوئی آنحضرت ... ...
انکا صلی محبوب خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ... ...

ملاحظہ فرماتے ہوئے سدرۃ المنتہٰے تک پہونچے جبرئیل اپنے مقام سے ٹھہر رہتا ہوئے کہا کہ یا رسول اللہ آگے چلنے کی مجھے طاقت نہیں اگر بال برابر بھی آگے بڑھوں تو روشنئی تجلی جل جلالہٗ وعم نوالہٗ میرے پر جلا دے آپ سدرۃ المنتہٰے سے تنہا چلے ہزار ون پردے حجاب کے طے کئیے یہان تک کہ براق بھی رفتار سے رہ گیا تب رفرف آیا اور فرشتے

حضرت رسول خدا کو عرش اعظم تک پہونچا دیا بند

بساتون طبق سپہر کو طے کر کے بے خطر	پہونچے تو حضور کے جبوقت عرش پر
فرط ادب سے اُس کی جو رفعت پہ کی نظر	چاہا کہ یان سے نعلین کو پائے اُتار کر

آئی ندا کہ دیر ہوئی تیرے بلا نہین

آؤ اسی طرح کہ تکلف ذرا نہین

حضرتؐ نے بارگاہ الٰہی مین عرض کیا کہ خداوندا موسیٰ علیہ السلام کو طور پر نعلین اُتار کر بلائے گئے اور مجھے حکم ہوتا ہے کہ نعلین پہنے عرش پر آؤ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے حبیب میرے موسیٰؑ اور تم مین بڑا فرق ہے موسیٰؑ کو اسواسطے ننگے پیر آنے کا حکم ہوا تھا کہ کوہ طور سینا کی خاک اُسکے پیرون مین لگ جائے تاکہ موسیٰؑ کو بزرگی ہو جائے تم کو اسواسطے نعلین پہنے بلاتا ہون کہ تمھارے نعلین پہنے ہوئے چلے آنے سے عرش کو بزرگی ہو جائے کہان تمھاری عزت اور کہان موسیٰؑ کی عزت سب پیغمبر

[illegible] نے اور ہم تمھاری مرضی پہ چلتے ہیں۔ آ۔ بہنو قربان ہوجاؤ اُن پاکیزہ حبیب پیارے محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر۔ نظم

کس پیار و کرم سے خالق نے سب کچھ دیدیں محمد کو
دیا اور زمین کو تخت چتر کیا عرش نشین محمد کو
کیا نورِ احد سے احمد کو دونون جگ نورِ محمد سے
[illegible] دونون جگ کو کرکے کر دین نگین محمد کو
تم نورِ احد احمد [illegible] ہو [illegible] کوئی نہین
[illegible] ہوت ہین کہہ کیسے [illegible] محمد کو

غرضکہ اے بہنو جب [illegible] عرش اعظم پہ بلایا اور کرسی عرش اونچی تھی تو پیر آپ [illegible] کرسی [illegible] اُسوقت ہمارے محبوب سبحانی پیران پیر دستگیر حضرت شیخ عبد القادر جیلانی سلطان الاولیا مرشد کامل قرۃ العین علی مرتضیٰ شیر خدا [illegible] آپ کے قدم مبارک کے نیچے اپنے شانے کو دیدیا کہ آپ اس پر [illegible] عظم پر تشریف لیجائین حضرت نے فرمایا کہ تو کون ہے [illegible] لیا ہین ہوان عبد القادر جیلانی اسپر پھر ہمارے حضرت نے فرمایا کہ یا توئی الدین ہے زندہ کرنیوالا ان کا میرا قدم تیری گردن پر [illegible] قدم [illegible] ولی اللہ کی گردن پر ہوگا اے بہنو جب سدرۃ المنتہے اور عرش اعظم اور کرسی ولامکان سے کر چکے اور رفرف

آپ نے دیکھا [illegible] ستر ہزار آگ کے پہاڑ ہین اور ہر پہاڑ مین ستر ہزار آگ
کے [illegible] مین ستر ہزار آگ کے غار ہین اور ہر غار مین ستر ہزار
[illegible] آگ کے [illegible] مین ستر ہزار مکان آگ کے ہین اور ہر مکان مین
ستر ہزار آگ کے دالان ہین اور ہر دالان مین ستر ہزار کوٹھریان آگ کی
[illegible] مین چنگاریان آگ کی اڑتی ہین اور ہر کوٹھری مین ستر ہزار صندوق
آگ کے ہین اور ہر صندوق مین ستر ہزار طرح کے عذاب ہین اور ستر ہزار
دریا آگ کے جاری ہین جو بڑے زور شور سے بہتے ہین الامان الحفیظ
اس آگ کے دریا مین بہت سی عورتین اور بہت سے مرد غوطے کھاتے ہین
اور گدہون کی آواز سے چلاتے ہین کوئی ان کی فریاد نہین پہونچتا ہے نظم

یا دن تو کہان جاؤن تیرے چھوڑ کے در کو — عاجز ہون گنہگار گنہگار ہون تیری
یہ حشر کے دن داد محشر سے کہونگی — جو چاہے سو کر اب تو گنہگار ہون تیری

پوچھا کہ یہ کون لوگ ہین عرض کیا یا رسول اللہ یہ وہ عورتین ہین کہ جنھو
نے اپنے خاوندون کو دنیا مین ایذا دہ رکھا نماز نہین پڑھتی تھین وزہ
نہین رکھتی تھین جھوٹ بولتی تھین غیبت کرتی تھین پھر دیکھا کہ کچھ عورتین
ہین کہ آگ کی قینچیون سے زبانین کترتے ہین اور وہ کتیون کی آواز
سے چلاتی ہین پوچھا کہ یہ کون ہین عرض کیا یا رسول اللہ یہ عورتین وہ
ہین [illegible]

کے ساتھ بے ادب ہو کر بیٹھتی تھیں اور کو ستی تھیں اور دعا کا بیان بھی تھیں	
یا ہی تھی واسطے نبی کی جناب کے	محشر میں اسی لیے آگ میں جلتی ہیں

جب حضرت نے پہلے طبقے کی یہ حالت دیکھی مالک جو دوزخ کا داروغہ ہے اُس سے پوچھا کہ یہ کس کے واسطے تجویز ہوا ہے داروغہ دوزخ نے شرم سے گردن جھکا لی کچھ جواب نہ دیا جبریل علیہ السلام نے عرض کیا یا رسول اللہ مالک کو اظہار کرتے ہوئے حضور سے شرم آتی ہے آپ نے فرمایا بے تکلف بیان کرو شاید اُس کا بھی آج کوئی بندوبست ہو جائے مالک نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ اس طبقے کو جو آپ نے ملاحظہ فرمایا اس میں کچھ عذاب نہیں ہے آپ کی گنہگار اُمت کے لیے ہے آپ اپنی اُمت کو گناہ سے منع فرمائیے ورنہ مجھے تنبیہ عذاب کی طاقت نہیں ہے نہ بوڑھوں پہ نہ جوانوں پہ نہ بچوں پہ یہ حال سُنتے ہی آپ کی آنکھوں سے آنسو نکلے اور گریہ وزاری جناب باری میں کر کے اُمت کے لیے دعا مانگنے لگے کہ اے رب العالمین تو غفور رحیم ہے میری اُمت کے گناہ بخش دے خطاب آیا کہ اے حبیب میرے آپ ہرگز ملول خاطر نہ ہوں قیامت کے دن آپ کی شفاعت سے اتنے لوگ بخشوں گا

	کہ آپ مجھ سے راضی ہو جاوینگے نظم	
اگر تو انکا پیغمبر ہے اور ہے رہنما انکا	تو میں بھی انکا ہوں حجتو وخالق وخدا انکا	
	مجھے بھی انکے پیدا کرنے کی ہے شرم ساری ہے	

اگر تو آج انکو دیکھتا ہے چشمِ شفقت سے | تو میں انکو ازل سے دیکھتا ہوں عینِ رحمت سے

ہمیشہ سے مجھے یہ اُمتِ مرحوم پیاری ہے

کہا حضرت نے بعد از التماسِ مدعا یارب | کیئے جبریل کو چھ لاکھ پر تو نے عطا یارب

بھلا اِسکے عوض میں [illegible]

[illegible] | شفاعت اُمتوں [illegible]

[illegible] تمہاری ہے

[illegible] | عوض اِسکے بھلا مجکو ملا ہے کونسا [illegible]

کہا [illegible] معظم [illegible] ہے

[illegible] | [illegible]

[illegible] تیری [illegible]

کہا گلزار [illegible] | کہا ذبح [illegible]

[illegible] اور ساری

کہا فدیہ دیا بکری کا اسمٰعیلؑ کو کیسا | کہا فدیہ تیری اُمت پہ کفار [illegible]

پشیمان ہوگی [illegible] ندامت [illegible]

کہا حضرت نے موسیٰ سے کلام اکثر کیا تم نے | کہا ہاں طور پہ اُس سے [illegible] فرش نور پر [illegible]

کہاں موسیٰ کی عزت اور کہاں عزت تمہاری

کہا پھر آپ نے دی سلطنت تو نے سلیمانؑ کو | کہا حق نے کہ دی جنت تیری اُمت غریباں [illegible]

تم ہی کہہ دو کہ [illegible] یا [illegible] رہی ہے

کیا پھر آپ نے یونس کو ظلمات ثلاث سے ۔ غواصی [illegible] نجھی [illegible] کی جستجوئی سے تو نے

بھلا بدلے میں اُنکے مجھے کیا [illegible] تمہاری آہ ہے

[illegible] اُمّت کو بحشر میں [illegible] کیا ہے ۔ اونکا اصرار اور قبر وحشت کی اندھیری ہے

نہیں ہو سکتا [illegible] تمہاری [illegible]

بس اب اُمّت کا تیر [illegible] اشارہ [illegible] نہیں [illegible] دل سے اپنے

انکھوں [illegible]

پھر اُسی وقت [illegible] تا آسکے [illegible] ایا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ [illegible] ہم واندوہ والدین دیکھ [illegible] رہے [illegible] ہوگئے اور بے اختیار آنکھوں [illegible] ہوگئے بارگاہ [illegible] آئی کہ اے حبیب میرے دو باتوں سے [illegible] اختیار ہے یا مغفرت ان باپ کی مغفرت کیجیے یا بخشائش اُمّت [illegible] منظور ہو [illegible] اس وقت حضرت رحمۃ للعالمین [illegible] امین نے شفاعت [illegible] حضرت [illegible] پوچھو [illegible] تھا آپ کا کہ فوراً خطاب [illegible] اے حبیب [illegible] اُمّت [illegible] پوری ہے اس میں کوئی شک نہیں [illegible] یہ واقعہ پیش کیا تھا تم نے مغفرت اُمّت اپنے ماں باپ پر مقدم [illegible] تم نے اُمّت کی بخشائش

شب [illegible] و تاج اولیا شب تخت معراج انبیا شب سجدہ گاہ عابدین
ہے شب زاہدون کا خلوت خانہ ہے شب کو عقد نکاح عروس ہوتا ہے
شب پردہ ظلمت چہرہ خلقت ہے شب کو نظر نامحرم کی غیر پر نہین
پڑتی شب کو حرکت کرنے والے ساکت ہوتے ہین شب کو چرند و پرند
اپنے اپنے آشیانون مین آرام کرتے ہین غرض کہ جس طرح عروس
صاحب جمال کو زیور سے آراستہ کر کے خلوت خانے مین لاتے ہین
اُسی طرح اُس محبوب ناظرین کو معراج ہوئی

غزل

سوئے مدینہ چل بہن باندھ کمر جو ہو سو ہو
عزم کیا ہے جب کہ قصد سفر جو ہو سو ہو

ہجر نبی نے بیکمان کر دیا مجھ کو ناتوان
میرے حکیم مہربان فکر نہ کر جو ہو سو ہو

تھم نہین سکا اگر ذرا ناصحا دل ہی ہاں کیا
عشق نبی مین دیدیا ہمنے تو سر جو ہو سو ہو

رکھ کے چلے ہین اب تو ہم عشق رسول مین قدم
کچھ نہین ڈر سکا ہمکو غم سود و ضرر جو ہو سو ہو

ہجر نے اُس حبیب کے مجھکو ستایا ہے غضب
روتی ہون اب تو روز و شب دیدۂ تر جو ہو سو ہو

ہے جو سبب نجات کا بالیقین نام مصطفٰے
ورد سعید نے کیا شام و سحر جو ہو سو ہو

تمت

[illegible] چھپوائی